This question paper contains 4+1 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper	:	**1651**
Unique Paper Code	:	**214402** D
Name of the Paper	:	**XI (*ii*) Special Study of Poet Ghalib**
Name of the Course	:	**B.A. (Hons.) Urdu**
Semester	:	**IV**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوالات کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔ سوال نمبر ۱ اور ۲ لازمی ہیں۔

۱۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح کیجئے :

(الف)

شوق ہر رنگ رقیبِ سر و ساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا

زخم نے داد نہ دی تنگیٔ دل کی یا رب !
تیر بھی سینۂ بسمل سے پر افشاں نکلا

بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا، سو پریشاں نکلا

P.T.O.

دلِ حسرت زدہ تھا مائدہ لذتِ درد
کام یاروں کا بقدرِ لب و دنداں نکلا

دل میں پھر گریہ نے اِک شور اٹھایا غالبؔ
آہ ! جو قطرہ نہ نکلا تھا، سو طوفاں نکلا

(ب)

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خراب مرے کا شانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

وائے دیوانگی شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہ کرتا ہے
جوہر آئینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا

حیف ! اس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالبؔ
جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

۲۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی ایک حصے کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے :

(الف)

نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی نہ سہی
امتحاں اور بھی باقی ہو، تو یہ بھی نہ سہی

خار خارِ الم حسرت دیدار تو ہے
شوق گلچینِ گلستانِ تسلی نہ سہی

مے پرستاں ! خم منہ سے لگائے ہی بنے
ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی نہ سہی

نفسِ قیس کہ ہے چشم و چراغِ صحرا
گر نہیں شمعِ سیہ خانہء لیلیٰ؛ نہ سہی

ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق
نوحہء غم ہی سہی، نغمہء شادی نہ سہی

(ب)

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ "تو" کیا ہے؟
تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے؟

چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن
ہمارے جیب کو اب حاجتِ رفو کیا ہے؟

جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا
کریدتے ہو جو اَب راکھ جستجو کیا ہے؟

رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے؟

ہوا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اتراتا
وگرنہ شہر میں غالبؔ کی آبرو کیا ہے؟

۳۔ غالبؔ کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف ہر دور میں کیا گیا ہے؟ اس قول کی وضاحت کیجئے۔

۴۔ غالبؔ کی شاعری دل اور دماغ دونوں کو متاثر کرتی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

۵۔ غالبؔ کو جدید شاعری کا امام کہا جاتا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟

۶۔ غالبؔ کے شاعرانہ محاسن پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

۷۔ غالبؔ کی شاعری میں ان کے زمانے کے سماجی حالات کا عکس نظر آتا ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔

۸۔ کیا غالبؔ اردو شاعری کا ایک مشکل پسند شاعر ہے؟ وضاحت کیجیے۔